118089-ابرو پر سرمہ لگاتے ہوئے کچھ بال غیر ارادی طور پر گر گئے

سوال

میں آپ سے یہ سوال پوچھنا چاہتی ہوں کہ جس طرح آنکھ میں سرمہ لگایا جاتا ہے اسی طرح میں ابرو کے بالوں پر سرمہ لگاتی ہوں لیکن بسا اوقات غیر ارادی طور پر ابرو کا کوئی بال ٹوٹ بھی جاتا ہے، تو کیا اس کا مجھ پر کوئی گناہ ہوگا؟ واضح رہے کہ بال توڑنے کا میرا کوئی ارادہ نہیں ہوتا۔

پسندیدہ جواب

ابرو پر سرمہ لگانا، یا ابرو کو جلد کی رنگت سے رنگنے میں کوئی حرج نہیں ہے؛ کیونکہ معاملات میں اصل جواز ہے، جیسے کہ اس کا بیان پہلے سوال نمبر: (103345) کے جواب میں گزر چکا ہے۔

اور اگر اس دوران کوئی بال غیر ارادی طور پر گر جائے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں ہے؛ کیونکہ فرمانِ باری تعالی ہے:

{رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِنْ نَسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا}.

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! اگر ہم بھول جائیں یا غلطی کر لیں تو ہمارا مواخذہ نہ فرما۔ [البقرة: 286]

اسی طرح فرمایا:

{وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيمَا أَخْطَأْتُمْ بِهِ وَلَكِنْ مَا تَعَمَّدَتْ قُلُوبُكُمْ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا}.

ترجمہ: تم سے غیر ارادی طور پر جو کچھ ہو جائے اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں، البتہ گناہ وہ ہے جس کا تم ارادہ دل سے کرو، اور اللہ تعالی بخشنے والا اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ [الاحزاب: 5]